WALI

Wang Lab of Innovation

*Presents*

CHAT GPT'S FIRST URDU GUIDE

# دنیا بھر میں تہلکا مچانے والی ٹیکنالوجی

# چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)




**QAISAR ROONJHA**

Co-Founder Wang Lab of Innovation (WALI)

QROONJHA

WALI
Wang Lab of Innovation



# چیٹ جی پی ٹی کا پہلا اردو گائیڈ

## خوش آمدید دوستو!

دنیا بہت تیزی سے بدل رہی ہے۔ اور ہمیں تیزی سے اس بدلتی نیا کے ساتھ اپنے آپ کو بدلنا ہوگا۔ بل گیٹس نے اپنے ایک حالیہ مضموں مین لکھا ہے کہ چیٹ جی پی ٹی اُس کے لئے ٹیکنالوجی کی دنیا میں دوسری حیران کن چیز ہے۔ اس سے پہلے جب کمپیٹور کو انٹرفیس یا اس کی ظاہری نظر آنی والی شکل ایجاد ہوئی تو وہ بہت حیران ہوا تھا۔

دنیا میں بہت سارے سائنسدان یہ سمجھتے ہیں کہ آرٹیفشل انٹیلیجنس یا مشین لرنگ موجودہ دور کی بہت ساری مشکلات میں آسانیاں لاسکتی ہے۔ جیسا کہ کینسر جیسا خطرناک مرض، ماحولیاتی تبدیلیاں اور بہت کچھ۔

اور ساتھ ساتھ بہت سارے تھنک ٹینکس یہ سمجھتے ہیں کہ آرٹیفشل انٹیلیجنس یا مشین لرنگ موجودہ دور کی بہت ساری مشکلات میں بھی اضافہ کرسکتی ہے۔ جیسے کے حال ہی میں سرمایہ کاری بینک گولڈمین ساکس کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مصنوعی ذہانت یا آرٹیفیشل انٹلیجنس 30 کروڑ نوکریوں کی جگہ لے سکتی ہے۔

میں پچھلے قریباً کوئی دو مہینوں سے چیٹ جی پی ٹی کی صلاحیتوں کو دیکھ کر حیران ہوں، جہاں ایک طرف یہ ڈر ہے کہ یہ مستقبل کے لئے بہت سارے مسائل پیدا کریگی وہی یہ خوشی بھی ہے کہ اس وقت میں زندہ ہیں جہاں ہم ایک دنیا کو بدلنے والی ٹیکنالوجی سامنے دیکھ رہے ہیں۔

یہ مختصر گائیڈ ہے جس کے ذریعے آپ کو چیٹ جی پی ٹی کی بنیادی معلومات اس اور اس کے استعمال کے بارے میں آگاہ کیا جائے گا۔ اگر آپ کو یہ گائید اچھی لگے تو اور لوگوں کو بھی فارورڈ کیجئے گا اور ہمارے وٹز اپ نمبرز پر اپنی رائے ضرور دیجئے گا۔

اس گائیڈ کی قیمت یہ ہے کہ آپ
پڑھ اور لوگوں کے ساتھ شئیر کریں۔

Qaisar Roonjha
qroonjha

SUPPORTED BY: WANG LAB OF INNOVATION (WALI)

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation



# چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)

## چیٹ جی پی ٹی کو سمجھنے کے لئے پہلے آرٹیفشل انٹلیجنس اور مشین لرنگ کو سمجھنا ہوگا۔

(Artificial Intelligence) یا اے آئی کا مطلب ہے کے کمپیوٹرز اور دیگر مشینوں کو ایسی صلاحیتیں فراہم کرنا کہ وہ انسانی طور پر سوچنے، سیکھنے، مسائل کا حل نکالنے اور کچھ مخصوص کاموں کو خودکار طور پر انجام دینے میں قابل ہوں۔

آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے مختلف شعبے ہیں جن میں مشین لرننگ، نیچرل لینگویج پروسیسنگ، کمپیوٹر ویژن اور روبوٹکس شامل ہیں۔ یہ تکنیکیں اور الگورتھمز کا استعمال کرکے، کمپیوٹرز کو ایسی صلاحیتیں دیتی ہے کہ وہ آوازی اشارے، تصویری مواد کو سمجھنا، زبان کی پیچیدگیوں کو سمجھنا اور متعلقہ عمل کو بہتر طریقے سے انجام دینے میں قابل ہوجاتے ہیں۔

اے آئی کی مدد سے کئی شعبوں میں کام ہو رہا ہے، جیسے کہ صنعتی انتظام، طبی تشخیص، مارکیٹنگ، مواصلات، اور لکھنے کے جیسے دیگر تخلیقی کاموں کے علاوہ اور بھی بہت سے کام جو آئے روز منظر عام پر آرہے ہیں۔

مشین لرننگ (Machine Learning) ایک کمپیوٹر سائنس کی شاخ ہے جو کمپیوٹرز کو بغیر کسی واضع پروگرامنگ کے کسی کام کو انجام دینے کے لئے اس کو سیکھنے کے لئے ڈیٹا کی مدد سے تربیت دیتی ہے۔ مشین لرننگ کے ذریعے، کمپیوٹرز پیچیدہ پیٹرنز کو سمجھتے ہیں اور ڈیٹا کی تجزیہ کرتے ہوئے نئے کام کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation



# چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT) ایک لینگوج ماڈل ہے جو کے OpenAI کی طرف سے تیار کیا گیا ہے۔ یہ GPT-3 یا GPT-4 (جنریٹیو پری-ٹرینڈ ٹرانسفارمر) کی تکنیکی کارکردگی کا استعمال کرتے ہوئے موجودہ حالات کے تناظر میں مناسب جوابات فراہم کرتا ہے۔ یہ کمپیوٹر پروسیسر کومختلف زبانیں سمجھنے کی صلاحیت دیتی ہے جس کی مدد سے ایک وہ اچھے معاون یا سیکریٹری کی طرح معلومات فراہم کرتا ہے۔ مطلب آپ تھوڑا بھی بولوگے تو پرانے ڈیٹا کی مدد سے آگے کی بات سمجھ لیتا ہے۔

چیٹ جی پی ٹی کو کئی مختلف زبانوں اور موضوعات پر بات چیت کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ سوالات کے جوابات، مضامین کے متعلق معلومات اور ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کرنے یا خیالات کو اچھے طریقے میں بیان کرنے میں مدد دے سکتی ہے۔

اس کے علاوہ، چیٹ جی پی ٹی لکھنے کے کاموں، مضامین کو سمجھنے، ای میلز، اشعار، کہانیاں، بلاگ پوسٹس اور دیگر لکھنے والے کاموں میں بھی مدد دے سکتی ہے۔ اگرچہ یہ ماڈل کافی طاقتور ہے، لیکن اس کی معلومات کی حد مقرر کی گئی ہے اور کبھی کبھی غلط یا پرانی معلومات بھی فراہم کر سکتی ہے۔

**اگر آپ کی انگریزی کمزور ہے تو اس کو سیکھیں۔ لیکن یہاں آپ کو یہ مسلہ نہیں ہوگا کیونکہ دوست کو اردو اور رومن اردو جو ہم عام طور پر میسجز میں لکھتے ہیں سمجھ آتی ہے۔**



WALIPAKCOM +92032187373322

# چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)

**This Guide is supported by WANG LAB OF INNOVATION**

آگر آپ اس متعلق مزید جانا چاہتے ہیں تو آپ ہمارے وٹس ایپ نمبر پر میسج کریں۔ ہماری ٹیم آپ کے ساتھ رابطہ کریگی اور آپ کی مدد کریگی






WALI
WANG LAB OF INNOVATION
Balochistan's First Rural Innovation Lab.
WALIPAKCOM
+9203218737322

Qaisar Rooniha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation



# چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

چیٹ جی پی ٹی کو میں عام الفاظ میں طرح سمجھیں کہ یہ آپ کا دوست ہے جو آپ کے بہت سارے کام کرسکتا ہے اور یہ اتنا عالم اور فاضل ہے کہ اس نے دنیا کی ساری کتابیں، مضامین، مویز، ڈاکیومینٹریز دیکھ چکا ہے۔ اسی لیے میں اسے آگے دوست کے نام سے پکارونگا۔

آپ اس سے اپنے اسسٹنٹ کے طور پر کام بھی لے سکتے ہیں۔ مثال کے طورپر آپ اس سے کہیں کہ آپ کو نوکری کے لئے درخواست لکھنی ہے اور آپ اپنا نام اور جس ادارے میں نوکری ہے، اور جو پوزیشن ہے اس کو بتائینگے تو آپ کو چند سکینڈز میں بہترین انداز میں درخواست لکھ دے گا۔ جو آپ کو صرف پرنٹ کرنی پڑے گی۔

اگلے سیکشنز میں ہم کچھ مثالوں سے یہ کام واضع کر کے سمجھنے کی کوشش کریں گے۔

لیکن ابھی آیئے آپ کا اکاونٹ بناتے ہیں----



WALIPAKCOM +92032187373322

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## پہلا مرحلہ

اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے براوزر میں chat.openai.com کی ویب سائٹ کھولیں۔




آپ چونکہ پہلی بار استعمال کر رہے ہیں تو اس کے لئے آپ کو اکائونٹ بنانا پڑے گا۔

Sign Up

.کا آپشن ہمیشہ تب استعمال کریں جب آپ پہلی بار اکاونٹ استعمال کررہے ہیں

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## دوسرا مرحلہ

دوسرے مرحلے میں آپ کو دو آپشنز نظر آہینگے۔

یاتو آپ اپنا ای میل لگاکر مکمل معلومات دیں یا پھر اگر آپ کا پہلے ہی Gmailپر اکائونٹ موجود ہے تو آپ Continue with Google کے آپشن پر کلک کریں۔




I am not robot کے آپشن پر کلک کیجئے تاکہ مشین کو پتہ چلے کے آپ اچھے انسان ہیں۔

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

**اگر Gmailاکاونٹ نہیں ہے تو۔۔**




**تو جو بھی آپ کا ای میل اکائونٹ وہ لکھ کر I am not robot کے آپشن پر کلک کرنے کے بعد Continue کے آپشن پر کلک کریں۔**



Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## تیسرا مرحلہ۔

**جب آپ دوسرے مرحلے کے بعد تیسرے مرحلے پر پہنچگے تو آپ کو یہ نظر آئیگا۔**




**اس مقام پر آپ نے اپنے لئے اس اکائونٹ کے لئےآٹھ ہندسوں کا پاسورڈ منتخب کریں**

**اور Continue پر کلک کریں**

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## چوتھا مرحلہ۔

**چوتھے مرحلے پر جو آپ نے ای میل دیا تھا اس پر ایک عدد نئی ای میل آئی ہوگی۔ وہاں آپ Verify Email Addressپر کلک کرینگے۔**







Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## پانچواں مرحلہ۔

**جب آپ ای میل ویرفائی کرنے کے لئے لنک پر کل کرینگے تو یہ پیج نظر آئیگا ۔ جو آپ سے آپ کی بنیادی معلومات مانگے گا۔ جیسا کہ آپ کانام۔۔**




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## چھٹہ مرحلہ۔

آپ کا نام جاننے کے بعد یہ آپ سے آپ کا موبائل نمبر مانگے گا تاکہ آپ کو موبائل پر ویریفیکشن کوڈ بھیج سکے۔ آپ کے پاس آپشن ہے کہ کوڈ آپ کو میسیج پر چاہیے یا وٹس ایپ پر۔




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

## ساتواں مرحلہ۔

جب آپ Send Code پر کلک کریں گے تو آگے یہ ونڈو کھل آئیگی۔ اب آپکے موبائل پر جہوں ہی آپ کو کوڈ ملے وہ آپ یہا پر انٹر کردیں اورNextپر کلک کریں۔




## مبارک ہو آپ کا اکائونٹ تیار ہوگیا



Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

جب اکائونٹ بن جائے تو اس کے بعد ہر بار صرف Log In پر کلک کرنا ہوگا۔

اس کے بعداپنا ای میل اور پاسورڈ لگاہینگے تو آپ کا اکاونٹ کھل جائے گا۔




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

# چیٹ جی پی ٹی استعمال کرنے کا طریقہ؟

**پہلی بار اکاؤنٹ کھولنے کے بعد آپ کو یہ معلومات نظر آئیگی جس کو آپ2,3بار nextپر کلک کرینگے تو وہ غائب ہوجائگی۔**




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

جب آپ کا اکاونٹ کھل جائے تو یہ آپ کو ایسے نظر آئیگی۔




یہ وہ ایریا ہے جہاں آپ نے اپنی بات لکھنی ہے۔

انگلش میں اس کو prompt کہتے ہیں۔

بات لکھنے کے بعد آپ نے اس بٹن کو دبانا ہے۔

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

# چیٹ جی پی ٹی اکاونٹ بنانے کا طریقہ؟

بعض اوقات ہو سکتا ہے کہ آپ اپنا اکائونٹ کھولنے جائیں تو آپ کو اس طرح کی ونڈو نظر آئے۔ یہ اس لئے ہوتا ہے کیونکہ ویب سائٹ پر رش کافی بڑھ گیا ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ اور لوڈ ہوجاتی ہے۔




ایسی صورت میں آپ صرف ریفریش کریں یا پھر انتظار کریں کہ ویب سائٹ پر لوڈ کم ہو۔۔

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

# چیٹ جی پی ٹی ہمیں کیسے فائدہ دے سکتی ہے؟

چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT) کئی مختلف طریقوں سے آپ کو فائدہ پہنچا سکتی ہے. یہاں چند اہم استعمالات ہیں اس کی مختصر تفصیلات شیئر کرتا ہوں۔

## تعلیمی میدان

چیٹ جی پی ٹی اساتزہ اور طلباء کو مختلف موضوعات کے بارے میں سوالات کے جوابات، مضامین کی تیاری، اور تعلیمی مواد کو سمجھنے میں مدد کر سکتی ہے۔

## لکھنے کے کام

اگر آپ کسی مضمون، بلاگ پوسٹ، کہانی، درخواستیں، ای میل، روپورٹس یا سی وی بنا نا یا کسی اور تحریری مواد کو لکھنا چاہتے ہیں تو چیٹ جی پی ٹی آپ کے لئے خاکے تیار کرنے، ترتیب دینے اور تحریری انداز میں بہتری کرنے میں مدد کر سکتی ہے۔

## آفیشل ای میل

چیٹ جی پی ٹی کو استعمال کرتے ہوئے آپ دفتری ای میلز، رپورٹس اور دیگر رابطہ کاری کے مواد کو تیار کرنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

## خلاصہ یا سمری بنانا

چیٹ جی پی ٹی لمبی تحریری مواد کو خلاصہ کرنے میں مدد کر سکتی ہے جس کی مدد سے آپ کو کسی مضمون کی بنیادی باتوں کا فوری علم ہو جائے گا۔ مثال کے طور پر آپ اگر کسی کتاب کی سمری پڑھنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کی مدد کرسکتی ہے۔

## مشورے کریں:

چیٹ جی پی ٹی کو استعمال کرتے ہوئے آپ اس کے ساتھ مشورے کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر کسی بزنس کو لانچ کرنے میں، یا کیئریر کونسلنگ کو لیکر یا کوئی ایسا مسلہ جس پر آپ کو سمجھ نہیں آرہی۔

Qaisar Roomiha Chat GPT Urdu Guide

# دوست کی چند مثالیں

میں نے ChatGPT کا نام دوست رکھا ہے آگے چل کر میں اس کو کچھ مثالیں دے رہا ہوں اور آپ دیکھیں میرا دوست کسطرح میری مدد کرتا ہے۔

## میں نے دوست سے پوچھا کہ کیا وہ مجھ سے اردو میں بات کر سکتا ہے۔




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# دوست کی چند مثالیں

## میں نے دوست کو ٹوٹی پھوٹی انگلش میں ایک میسج لکھ کر کہا کے اس کو ٹھیک کرو۔

please correct this: Dear Shah shab'
It has nice miting you in in our school. I want to meet again please give some time. my name is Abdullaha

Dear Shah Sahib,

It was nice meeting you at our school. I would like to meet you again. Could you please give me some time? My name is Abdullah.

Thank you,

[Your Name]

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# دوست کی چند مثالیں

## میں نے دوست کو کہا کے موسی کالونی کوئٹہ میں پانی کا نظام خراب ہے ڈی سی کو درخواس لکھو۔




Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# دوست کی چند مثالیں

## میں نے دوست کو کہا کہ مجھے اپنے افسر کو وزٹ رپورٹ دینی ہے لکھ کر دو۔



mujhy apny office k leay visit report likhni hai boss k leay, main gaya tha school visit pay, Awaran laken whan pay teacher do main Srif aik aya tha. bachy bohat they, pani ka masla hal hoguya. mera name Ahmed Ali hai aur main supervisor hun mery boss ka name Javaed Khan hai aur main 8 march ko guya tha.

To: Javaed Khan, Manager
From: Ahmed Ali, Supervisor
Date: March 10, 2023

Subject: Visit Report for School Visit in Awaran

Dear Sir,

I am writing this report to update you on my visit to a school in Awaran on March 8, 2023. The purpose of my visit was to conduct an inspection of the school and to check the water supply system.

During my visit, I found that the school had only two teachers, whereas it had a significant number of students. This created a problem in providing individual attention to each student. However, I was glad to see that the issue of water supply was resolved, as a new water tank was installed to meet the demand of students and staff.

Despite the shortage of teachers, the students appeared to be well-mannered and disciplined. They were eager to learn and showed great enthusiasm in participating in extracurricular activities.

Overall, I would recommend that the school requires more teachers to meet the educational needs of the students. It was also brought to my attention that the school building requires maintenance, and the playground requires repair.

Please let me know if you need further information. Thank you for your time and attention.

Sincerely,

Ahmed Ali

Regenerate response

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# دوست کی چند مثالیں

## میں نے دوست کو کہا مجھے نوکری کے لئے درخواست لکھ کر دو۔



meri taleem BA kia hai main any aik job k leay apply karna hai, jis ka name hai assistant clerk, mujhay kafi skills hain, jest k computer py data entry, file sambhalna, time management, communication, yea position Lasbela University main aee. hai. mera name Jabbar Baloch hai.
English main lihna

Dear Sir/Madam,

I am writing to express my interest in the position of Assistant Clerk at Lasbela University. My name is Jabbar Baloch, and I hold a Bachelor's degree.

I believe I possess the necessary skills required for this position, including data entry and file management using a computer, time management, and excellent communication skills. I am confident that my abilities and experience make me a strong candidate for this role.

I am a detail-oriented person and can work independently, as well as part of a team. I am also willing to learn new skills and take on new challenges.

I am excited about the opportunity to work at Lasbela University and contribute to its mission. Thank you for considering my application. I have attached my resume and other required documents with this letter for your review.

Please feel free to contact me if you require any further information.

Sincerely,

Jabbar Baloch

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# دوست کی چند مثالیں

## میں نے دوست کو کہا کہ مجھے بچوں کو DNA کے بارے میں سمجھانا ہے۔ مجھے مدد کرو۔ اور نظم بھی لکھ کر دو

Hello Dost, mujhay apny students ko DNA k baby main Samjhana hai koe assan tareeka batao un ko samjnay ka - urdu main

وعلیکم السلام

DNA ایک مشکل موضوع ہے، لیکن اس کے بنیادی مفاہیم کو سمجھانے کے لئے کچھ آسان طریقے ہیں۔ یہ کچھ ٹپس ہیں جو آپ کے طلباء کو اپنے والدین سے کیسے DNA وارث ہوتے ہیں کے بنیادی مفاہیم سمجھانے میں مدد دیں گے:

1. بنیادی مفاہیم سے شروع کریں: DNA ہمارے جسم کی جینی مواد ہے، اور یہ ہمارے والدین سے وارث ہوتا ہے۔ یہ ہمارے جسم کے بناؤ کی ایک مثال ہے جو ہمارے جسم کو کیسے بڑھائے اور ترقی دے رہی ہے۔
2. وجوہات کی مدد سے سمجھائیں: آپ ڈائیاگرام یا نمونے کا استعمال کر سکتے ہیں تاکہ DNA کی ساخت، کروموسوموں میں کیسے منظم ہوتا ہے، اور والدین سے بچے تک کیسے وارث ہوتا ہے کی وضاحت کریں۔
3. خصوصیات کے تصور کو آسان کریں: آپ بال کے رنگ یا آنکھوں کے رنگ جیسی بصری خصوصیات کے مثال دے کر طلباء کو سمجھانے میں مدد کر سکتے ہیں کہ خصوصیات والدین سے وارث ہوتی ہیں۔ آپ ڈومینٹ اور ریسیسو خصوصیات پر بھی تبصرہ کر سکتے ہیں۔
4. جینز کی کردار کی وضاحت کریں: جینز DNA

agr yea main ksi poem ki Sorat main Samjana chaun to ?

Agar aap DNA ko kisi nazm ki shakal mein samjhana chahte hain, toh yeh ek mazedaar tareeqa ho sakta hai. Yeh DNA ke bare mein jaan ne ke liye ek poetic tareeqa hai. Yeh aap ke taleem ke level par munhasir hai, lekin yahan ek simple or basic example diya gaya hai:

"DNA kehte hain humare jism ki jaan,
Pareyshani se rahin iski shaan,
Waredaron se hoti hai iski pehchan,
Jism ka banawat hai yeh nishan."

Is nazm ke zariye, aap taleem ke level par munhasir tarz mein DNA ki basic jaankari de sakte hain.

Regenerate response

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

# ضروری چیزیں

## یاد رکھنے کے لئے ضروری چیزیں!

آپ دوست کو جتنا صورتحال کے بارے میں بتائینگے وہ آپ کو اتنا اچھا رسپونس د ے گا۔

یہ آپ کا دوست ہے جو آپ کو مدد دینے کے لئے موجود ہے۔ لازم نہیں کہ یہ آپ کے سوفیصد کام کرے۔ آپ جتنا زیادہ اس کو مدد کروگے یہ اتنی آپ کو مدد دے گا۔

ایسی چیزیں مت پوچھیں جو آپ کسی اچھے دوست سے نہیں پوچھ سکتے۔ اس کو سیکھنے کے لیئے استعمال کریں۔ کام چوری کے لئے نہیں۔

اس کی دی گئی معلومات پر مکمل انحصار مت کریں۔ جوبھی معلومات آپ کو ملے اسے کسی اور جگہ سے بھی کنفرم کریں۔

یہ ٹیکنالوجی ایک نعمت ہے اس کا غلط استعمال کرکے ناشکری نہ کریں۔

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide



# چیٹ جی پی ٹی اور ہمارا مستقبل؟

## بوسٹن سے لیکر بلوچستان تک ۔ صنوعی ذہانت سے سیکھنے کا نظام بدلنے جارہاہے۔

میں پچھلے کچھ ہفتوں سے آرٹفیشل انٹلیجنس کی طاقت اور اس سے ہماری زندگی کے اندر ہونے والی ممکنہ تبدیلیوں کا سوچ کر حیران ہوں۔ اگر یہ کہوں کہ میری نیند خراب ہوگئی ہے تو غلط نہیں ہوگا۔

ایسا لگتا ہے جیسے اےآئی کو ہمارے بارے میں سب کچھ پڑھا دیا گیا ہے۔ اور اس کی تربیت انتہاہی مہارت سےکی گئی ہے اور سارے طریقے سکھائے گئے ہیں۔ جو انسان کو سیکھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

آپ ایک ایسے وقت کا تصور کریں کہ جہاں ہر طالبعلم کو اس کے سیکھنے کی صلاحیت کے مطابق سیکھنے کو ملے گا۔

مثال کے طور پر میں نے پچھلے دنوں ایک ہی سبجیکٹ کو سمجھنے کے لئے اے آئی کو مختلف طریقے سے
سکھانے کو بولا۔ پہلے میں نے اس کو بتایا کہ مجھے موسمیاتی تبدیلی کو سمجھنا ہے اور میں دسویں
جماعت کا طالبعلم ہوں۔ اس نے وہی مثالیں دیں اسی طرح کے الفاظ استعمال کئے جو دسویں جماعت کے طالبعلم سمجھ سکتا ہے۔

پھر میں نے تھوڑی دیر بعد بولا کہ میں پانچویں کلاس کا طالبعلم ہوں، مجھے موسمیاتی تبدیلیوں کے بارے میں سمجھاؤ، اس نے پھر سے مجھے سمجھایا جو ایک پانچویں کلاس کے بچے کی سمجھ کے مطابق تھا۔

میں نے پھر اس کی لمیٹیشز کو پرکھنے کے لئے بولا کہ میری بہن تیسری کلاس میں ہے اس کو سمجھانا ہے، اس کے لئے بتاو پھر اس نے بتایا اور وہ الفاظ اور طریقے استعمال کئے جو ایک تیسری کلاس کے بچےکو سمجھانا ہے۔

Qaisar Roqaiha Chat GPT Urdu Guide

ولی چیٹ جی پی ٹی گائیڈ (اردو)
WALIPAKCOM +923218737322




# چیٹ جی پی ٹی اور ہمارا مستقبل؟

## بوسٹن سے لیکر بلوچستان تک ۔ صنوعی ذہانت سے سیکھنے کا نظام بدلنے جارہاہے۔

پھر میں نے اس کو مایوس ہو کر بولا کہ مجھے لگتا ہے میری سمجھ نہیں آتا میں شاید کمزور ہوں، باقی بچے مجھ سے تیز ہیں۔ تووہ ایک رحمدل کے ساتھ مجھے سمجھانے لگی کے کوئی مسلہ نہیں، سب
طریقے سے سیکھتے ہیں۔ تم پریشان مت ہو۔اپنے اپنے

ابھی تو یہ صرف لکھ کر جواب دے رہی ہے۔ لیکن کچھ عرصے میں یہ بول کر جواب دیگی، اس کا چہرہ بھی ہوگا اور تاثرات بھی ہونگے.

آپ کا بچہ گھر میں اپنا موبائل یا کمپیوٹر آن کریگا اور اس کے لئے دنیا کا سب سے زہین ٹیوٹر سکھانے کے لئے دستیاب ہوگا یا پھر ایسے سوچیں کہ اے ٹیم کی طرح ایک سکھانے والی مشین لسبیلہ کے کسی گائوں میں رکھی ہوگی، جو سولر پینل پر چلے گی اور سیٹلائٹ انٹرنیٹ سے کنیکٹ ہوگی۔ جس کے پاس آپ جا کرکسی بھی ٹائم پر کچھ بھی سیکھ سکتے ہیں۔

اور اگر آپ اپنے لئے اپنے استاد کی شکل لحجہ اور جنس خود منتخب کرینگے۔ آج آپ نے بل گیٹس سے پڑھنا ہے، حمیدہ باجی سے پڑھنا ہے، انجلینا جولی سے پڑھنا ہے۔۔ سب ممکن ہوگا۔

قیصر رونجھا

Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

WALI
Wang Lab of Innovation

# آپ کا شکریہ۔

یہ گائیڈ صرف عام لوگوں کی آسانی کے غرض سے بنائی گئی ہے۔وہ جنہیں یہ ڈر ہے کہ ٹیکنالوجی کی اس بدلتی دنیا میں ہم پچھےنہ رہے جائیں۔ ایک بات تو یقینی ہے کہ ہم ٹیکنالوجی سے بچ نہیں سکتے۔ سب سے بہتر حل یہ ہے کہ اس کو بہتر سمجھ کر اسکا استعمال کیا جائے۔

اس گائیڈ کو ہم بلوچستان کی پہلی رورل انویشن لیب یا وانگ لیب آف انویشن کی طرف سے بلوچستان اور ملک بھر میں رہنے والے لوگوں کے لئے جاری کر رہے ہیں جو واقعی میں سیکھنا چاہتے ہیں۔

میں اُمید کرتا ہوں کہ اس گائیڈ سے سیکھ کر اپنے کام میں مزید بہتری لائنگے اور دوسروں کی زندگی میں آسانیاں پیدا کریں۔

اگر آپ کا کوئی سوال یا مشورہ ہو تو ہمارے وٹس ایپ نمبر پر ربطہ کیجئے گا۔

مجھے اور بلوچستان کے لوگوں کو اپنی دعاوں میں یاد رکھیئے گا۔

منتوار،
قیصر رونجھا
وانگ لیب آف انویشن (ولی)
احمد آباد وانگ، بیلہ، لسبیلہ بلوچستان۔

qroonjha +9203218737322



Qaisar Roonjha Chat GPT Urdu Guide

Presented by



WALI

Wang Lab of Innovation



WALIPAKCOM



+923218737322